13202 ـ مالک کےلیے اپنی شادی شدہ لونڈی سے جماع کرنا جائز نہیں

سوال

کیا مرد اپنی شادی شدہ لونڈی سے جماع کرسکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

مرد کے لیے اپنی شادی شدہ لونڈی سے جماع کرنا جائز نہیں ، جوبھی یہ کام کرے گا اس نے حرام کا ارتکاب کیا جس کی بنا پر اسے تعزیر لگائي جائے گی ۔

ابن قدامہ مقدسی رحمہ اللہ تعالی المغنی میں کچھ اس طرح رقمطراز ہیں :

اگرمالک اپنی لونڈی کی شادی کردے تومالک کا اس کے ساتھ جماع کرنا حرام ہوگا ۔۔۔

آگے فرماتے ہیں :

شادی شدہ لونڈی سے جماع کی تحریم میں کوئي شک وشبہ نہیں اورنہ ہی اس میں کوئي اختلاف ہے ، وہ توصرف خاوند کے لیے مباح ہے اورپھریہ بھی ہے کہ ایک عورت دومردوں کے لیے حلال نہیں اگرمالک نے اس سے جماع کیا تووہ گنہگار ہوگا اوراسے تعزیر کاسامنا کرنا پڑے گا ۔

اورایک جگہ پر ان کا قول ہے :

امام احمد رحمہ اللہ تعالی عنہ کہتے ہیں کہ اسے کوڑے لگائے جائيں کے اورسنگسار نہیں کیا جائے گا ، یعنی اسے کوڑوں کی صورت میں تعزیر لگائي جائے گی ۔۔۔ دیکھیں المغنی لابن قدامہ (9 / 497) ۔

واللہ اعلم .